NYC

Mayor's Office to
End Domestic and
Gender-Based Violence

# HOME+



## گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد سے متاثرین کے لیے رہائش کی حفاظت کا پروگرام

## HOME+ کیا ہے؟

**گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد کو ختم کرنے کیلئے NYC میئر کا دفتر (End Domestic and Gender-Based Violence, ENDGBV)** کا ایک شہر پیما پروگرام جو خانگی تشدد (domestic violence, DV) اور صنف پر مبنی تشدد (gender-based violence, GBV) کے متاثرین کے لیے درج ذیل چیزیں فراہم کر کے ان کے گھروں میں بحفاظت رہنے میں مدد کرتا ہے:

- گھر کے اندر ہی مدد طلب کرنے کے لیے پنڈنٹ الارم سسٹمز اگر کسی بدسلوک فرد کی طرف سے حفاظت کو خطرہ لاحق ہو
- تالے کو بدلنا اور دروازوں اور کھڑکیوں کے لیے مرمتی خدمات
- رہائش برقرار رکھنے یا حاصل کرنے کے اخراجات کی تلافی میں مدد کے لیے لچکدار فنڈنگ گرانٹس

**Home+** کے تمام شرکاء کو معاہدہ بند کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی معرفت امدادی خدمات، جیسے کیس مینیجمنٹ اور حفاظتی منصوبہ بندی سے جوڑا جاتا ہے۔

***Home+ کو اس سے پہلے پناہ گاہ کے متبادل کہا جاتا تھا۔**

## کون اہل ہے؟

- NYC میں رہنے والے DV اور/یا GBV کے متاثرین یا شکار؛ DV اور/یا GBV کے متاثرین یا شکار کے بطور اپنی حیثیت ثابت کرنے کے لیے کسی دستاویزی شہادت یا تحفظ کے آرڈر کی ضرورت نہیں ہے۔
- **Home+ کے فراہم کنندگان اہلیت کا تعین کرنے کے لیے ایک تشخیص انجام دیتے ہیں۔ تمام خدمات دستیابی پر مبنی ہیں۔**
- لچکدار فنڈنگ: آمدنی لازمی طور پر 2024 کے <u>غربت کے رہنما خطوط</u> کے 300% یا اس سے کم ہو۔
- آپ کے کنزیومر کریڈٹ کی سرگزشت، مجرمانہ سرگزشت، اور/یا ترک وطن کی حیثیت سے **Home+** کی خدمات کے لیے آپ کی اہلیت پر اثر **<u>نہیں</u> پڑے گا۔**

## میں Home+ سے کیسے رابطہ کروں؟

**BROOKLYN ہیلپ روڈز**
اوقات: 9 بجے صبح تا 5 بجے شام، پیر تا جمعہ
ہیلپ لائن: 718-922-7980
homeplus@helpusa.org

**BRONX: وائلنس انٹروینشن پروگرام (Violence Intervention Program, VIP)**
اوقات: 9 بجے صبح تا 11 بجے رات، پیر تا جمعہ
ہیلپ لائن: 1-800-664-5880
homeplusteam@vipmujeres.org

**QUEENS: وومین کائنڈ (Womankind)**
اوقات: 9 بجے صبح تا 7 بجے شام، پیر تا جمعہ
ہیلپ لائن: (24/7) 1-888-888-7702
ٹیکسٹ: 929-207-5907

**MANHATTAN**
**رائزنگ گراؤنڈ پاتھز ٹو ہیلنگ (Rising Ground Paths To Healing)**
اوقات: 9 بجے صبح تا 6 بجے شام، پیر تا جمعہ
ہیلپ لائن: 1-877-783-7794
stepshelpline@risingground.org

**STATEN ISLAND: سیمنز سوسائٹی فار چلڈرن اینڈ فیملیز (Seamen's Society for Children and Families)**
اوقات: 9 بجے صبح تا 5 بجے شام، پیر تا جمعہ
ہیلپ لائن: (24/7) 718-447-7740 x4792
homeplus@seamenssociety.org

***اضافی تعاون:**

- 311 پر کال کریں یا جس بورو میں آپ رہتے ہیں اس میں نیو یارک سٹی فیملی جسٹس سنٹر (Family Justice Center, FJC) میں (یا جہاں آپ محفوظ ترین محسوس کرتے ہوں وہاں) جائیں، پیر تا جمعہ 9:00 بجے صبح اور 5:00 بجے رات کے اوقات کے بیچ تاکہ اپنی حفاظت کا ایک پورا منصوبہ تیار کریں اور کیس مینیجر کے ساتھ اختیارات پر گفتگو کریں۔
- فوری حفاظتی منصوبہ بندی اور پناہ گاہ سے متعلق اعانت کے لیے NYC ڈومیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (NYC Domestic Violence Hotline) کو 800-621-HOPE (4673) پر روزانہ 24 گھنٹے کال کریں۔
- NYC HOPE کی ریسورس ڈائریکٹری کی معرفت کمیونٹی پر مبنی فراہم کنندگان کی طرف سے خدمات <u>www.nyc.gov/NYCHOPE</u> پر تلاش کریں۔
- اگر آپ فوری خطرے میں ہیں یا کسی جرم کی رپورٹ کرنا چاہتے ہیں تو، 911 پر کال یا ٹیکسٹ کریں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ یہ NYPD کی طرف سے جواب کا سبب بنے گا۔

Home+ One_100324-F